پناہ کے طریقۂ کار کے آغاز سے قبل

آپ کو یہ کتابچہ کیوں فراہم کیا جا رہا ہے؟

آپ ہالینڈ میں پناہ کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں۔ پناہ حاصل کرنے کی کاروائی آپ کی ہالینڈ میں آمد کے فوراً بعد شروع نہیں ہوتی۔ آپ کو سفر کی تھکان سے نکلنے اور پناہ کے طریقہ کار پر عمل کے لیے وقت دیا جاتا ہے۔ اس مقصد کے لیے کچھ چیزیں آپ سے پوچھی جاتی ہیں۔ اس سب کے لیے آپ کو کم از کم 6 دن دیئے جاتے ہیں۔ یہ وقت آرام اور تیاری کی مدّت (RVT) قرار دیا گیا ہے۔

یہ کتابچہ آپ کو پناہ کے طریقۂ کار سے پہلے کے اقدامات سے متعلق تفصیل فراہم کرتا ہے۔

پہلا مرحلہ: حاضری اور رجسٹریشن

ٹراپل میں موجود غیرملکیوں کے لیے مخصوص ہالینڈ کی پولیس کے پاس حاضری دیں۔غیر ملکیوں کے لیے مخصوص پولیس کے اہل کار آپ کی ذاتی معلومات، جیسا کہ آپ کا نام، تاریخ پیدائش اور شہریت، کا اندراج کرے گی۔ وہ آپ کے کپڑوں اور آپ کے سامان کی تلاشی لے گی اور آپ کی تصاویر اور انگلیوں کے نشانات حاصل کرے گی۔

POLITIE

پولیس برآئے تارکین وطن، ہالینڈ کی پولیس کا حصّہ ہے اور یہ ہالینڈ میں مقیم تارکین وطن کی نگرانی کرتی ہے۔

غیر ملکیوں کے لیے مخصوص پولیس کے اہل کار آپ کی ذاتی معلومات، جیسا کہ آپ کا نام، تاریخ پیدائش اور شہریت، کا اندراج کرے گی۔ وہ آپ کے کپڑوں اور آپ کے سامان کی تلاشی لے گی اور آپ کی تصاویر اور انگلیوں کے نشانات حاصل کرے گی۔ آپ کے سفری راستے کے بارے میں بھی سوال کیے جا سکتے ہیں، اور اس بارے میں بھی کہ آیا آپ نے پہلے بھی کبھی پناہ کی درخواست دی ہے، یہاں یا پھر یورپ میں کہیں بھی، یا کہ یہاں یا یورپ میں کہیں بھی آپ کے خاندان کے افراد موجود ہیں۔

کیا آپ کے پاس اپنی شناخت ثابت کرنے کے لیے دستاویزات ہیں، مثال کے طور پر پاسپورٹ، شناختی کارڈ، پیدائش کا سرٹیفکیٹ یا ڈرائیونگ لائسنس؟ یا کیا آپ کے پاس آپ کے سفر کا راستہ یا پناہ کے لیے درخواست دینے کی وجہ ثابت کرنے کے لیے دستاویزات موجود ہیں، مثال کے طور پر جہاز کا ٹکٹ، جہاز پر سوار ہونے کا اجازت نامہ، اسناد، عدالتی فیصلہ کی دستاویزات یا اخبارات کے مضامین؟ اگر ہیں تو رجسٹریشن کے دوران یہ کاغذات جمع کروا دیں۔ اگر نہیں، تو اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ پناہ حاصل کرنے کی کاروائی شروع کرنے سے پہلے یہ دستاویزات آپ کے پاس ہوں۔VluchtelingenWerk (کونسل برائے

VluchtelingenWerk Nederland

VluchtelingenWerk Nederland VWN

ہالینڈ کی کونسل برائے مہاجرین ایک خود مختار تنظیم ہے، جو کہ پناہ کے متلاشی افراد کے مفادات کی نگرانی کرنے کے لیے بنائی گئی ہے۔VluchtelingenWerk آپ کو پناہ حاصل کرنے سے متعلق طریقہ کار کے بارے میں معلومات اور تفصیلات مہیا کرتی ہے۔VluchtelingenWerk اس پورے عمل کے دوران ذاتی طور پر آپ کو معلومات اور امداد فراہم کرتی ہے، اور دوسری تنظیموں کے ساتھ مسائل کی صورت میں ثالثی کرتی ہے۔ ایسا کرتے ہوئے وہ آپ کے وکیل کے ساتھ قریبی تعاون کرتی ہے اور یہ آپ کی درخواست برآئے پناہ کا فیصلہ نہیں کرتی۔

(www.vluchtelingenwerk.nl)

مہاجرین) کا کوئی ملازم اس معاملے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ ماہرین آپ کی دستاویزات کی اصلیت کی جانچ پڑتال کریں گے۔ ہالینڈ کا نوآبادکاری اور حقوق شہریت سے متعلق ادارہ (IND) ان کاغذات کو آپ کی پناہ کے لیے دی گئی درخواست کی جانچ پڑتال کرنے میں استعمال کرے گا۔

نوٹ! آپ سے متعلق ذاتی معلومات اور دستاویزات پناہ کے لیے آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال کے لیے ضروری ہیں۔ جامع معلومات پیش کریں اور اس بات کی تصدیق کر لیں کہ معلومات مکمل اور صحیح طور پر درج ہوئی ہیں۔ ذاتی دستاویزات کو کبھی بھی ضائع نہ کریں۔ ہالینڈ کی حکومت کبھی بھی آپ کے ملک کے حکام کو اس بارے میں آگاہ نہیں کرے گی کہ آپ نے ہالینڈ میں پناہ کے لیے درخواست دے رکھی ہے۔

دوسرا مرحلہ: تپ دق کا معائنہ

تپ دق (ٹی بی) دنیا بھر میں موجود ایک خطرناک مرض ہے۔ یہ بیماری جس ملک کے آپ شہری ہیں، وہاں پر بھی ہو سکتی ہے۔ پھیپھڑوں کی فعال تپ دق میں مبتلا لوگ دوسرے لوگوں کو بھی بیمار کر سکتے ہیں، مثال کے طور پر کھانسی یا چھینکوں کے ذریعے۔ لہٰذا، جب آپ ٹر اپیل میں موجود غیرملکیوں سے متعلق پولیس کے پاس حاضری دیں گے تو اس وقت آپ کا اس بیماری کے لیے معائنہ کیا جائے گا۔تپ دق ایک متعدی بیماری ہے جو کہ عموماً پھیپھڑوں پر حملہ آور ہوتی ہے۔ لہٰذا، معائنہ میں چھاتی کا ایکسرے لیا جاتا ہے۔ اگر آپ تپ دق کے مریض ہیں تو ہالینڈ میں آپ کا طبّی علاج کیا جائے گا۔

تیسرا مرحلہ: خیرمقدمی انٹرویو

تیسرا مرحلہ: خیرمقدمی انٹرویو
خیر مقدمی انٹرویو میں آئی این ڈی صرف آپکی شناخت اور جائے وطن کے حوالے سے سوالات کرتی ہے۔ بعض اوقات مزید سوالات بھی کیے جاتے ہیں۔ خیر مقدمی انٹرویو میں ان وجوہات کے بارے میں نہیں پوچھا جاتا جنکی وجہ سے آپ کو ملک چھوڑنا پڑا۔

Immigratie- en Naturalisatiedienst
Ministerie van Veiligheid en Justitie

Immigratie en naturalisatiedienst
Ministerie van Justitie en Veiligheid

ہالینڈ کا ہجرت اور حقوق شہریت سے متعلق ادارہ IND ہالینڈ کی وزارت برائےتحفظ اور انصاف کا حصہ ہے۔ آئی این ڈی کے اہل کار آپ کی شناخت، شہریت، سفری راستہ اور اپنا ملک چھوڑنے سے متعلق وجوہات کے بارے میں آپ کا انٹرویو کریں گے۔ وہ آپ کی ذاتی کہانی اور آپ کے ملک میں حالات سے متعلق تحقیق کریں گے۔ اس کے بعد وہ اس بات کا فیصلہ کریں گے کہ آیا آپ کو (عارضی طور پر) ہالینڈ میں رہنے کے اجازت دی جائے یا آپ کو آپ کے ملک واپس بھجوا دیا جائے۔

چوتھا مرحلہ: وصولی

غیر ملکیوں کے لیے مخصوص پولیس کے پاس حاضری دینے کے فوراً بعد ہالینڈ کی حکومت آپ کو رہائش، خوراک اور علاج معالجے کی سہولت فراہم کرے گی۔ آپکا خیرمقدم، رجسٹریشن اور ٹی بی کے معائنہ پر زیادہ سے زیادہ تین دن کا وقت لگے گا۔ پناہ کے متلاشی افراد کے خیرمقدم کے لیے مرکزی ادارہ (**COA**) کو آنے تارکین وطن کے لیے مخصوص پولیس کے دفتر کے قریب خیرمقدم کے لیے ایک جگہ کا انتظام کر رکھا ہے۔ آپ وہاں رات گزار سکتے ہیں۔

آپکے خیرمقدمی انٹرویو اور رجسٹریشن کے بعد، آپ کو کوآ کی ایک اور خیرمقدمی جگہ پر لایا جائے گا۔ پناہ کے متلاشی افراد کا یہ مرکز اس آفس کے قریب واقع ہو گا جہاں پر آئی این ڈی آپ کی پناہ کی درخواست پر کاروائی کر رہی ہو گی۔

Centraal Orgaan opvang asielzoekers (COA)

مرکزی ادارہ برآئے وصولی پناھگزین (COA) ہالینڈ میں پناہ کے متلاشی لوگوں کے خیرمقدم کا ذمہ دار ہے۔ کوآ آپ کے لیے رہائش، خوراک اور صحت سے متعلق بیمہ کو یقینی بناتا ہے۔ کوآ، ڈاکٹر سے رابطہ کرنے میں بھی آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ سی او اے ایک خودمختار ادارہ ہے اور آپ کی پناہ کے لیے درخواست پر کوئی فیصلہ نہیں کرتا۔ (**www.coa.nl**)

کوآ کے وصولی مرکز میں ٹھہرنے کے دوران آپ کومعلومات کے لیے ایک دعوتی خط ملے گا۔ اس گفتگو میں آپ کی صحت اور کسی تکلیف کے حوالے سے بات کی جائیگی۔ اس طرح آپ کو کوآ میں رہائش کس دوران مناسب طبّی امداد دی جائیگی۔

GezondheidsZorg Asielzoekers (GZA)

پناہ کے دوران **محکمۂ صحت** (جی زیڈ اے) وہ ادارہ ہے جس سے آپ پناہ کی درخواست کے دوران صحت کی خرابی کی صورت میں رابطہ کرتے ہیں۔ ہر مرکز پناہ کی حدود میں ایک جی زیڈ اے واقع ہوتا ہے۔ یہ محکمہ آپ کا رابطہ ڈاکٹر اسسٹنٹ، نرس، جی زیڈ اے کے مددگار افراد یا ڈاکٹر سے کراتا ہے۔ صحت کے بارے سوالات بذریعہ فون 0881122112 کے ذریعے دن رات کیے جا سکتے ہیں۔ پیر سے جمعہ تک آپ اس فون نمبر سے کوئی غیر طبعی سوال مثلاً" سپیشلسٹ سے رابطے بارے معلومات، بھی کر سکتے ہیں۔

پانچواں مرحلہ: معلومات

پناہ کے متلاشی افراد کے مرکز میں آپ سفر کی تھکان سے نجات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، آپ پناہ حاصل کرنے کی کاروائی کی تیاری بھی کر سکتے ہیں۔پناہ کے متلاشی افراد کے مرکز میں VluchtelingenWerk (کونسل برائے مہاجرین) پناہ سے متعلق طریقہ کار کے بارے آپ کو میں معلومات فراہم کرے گی۔ اس میٹنگ کے دوران ایک مترجم آپ کی اور VluchtelingenWerk (کونسل برائے مہاجرین) کے ملازم کی کہی ہوئی ہر بات کا ترجمہ کرتے ہوئے آپ کی مدد کرے گا ۔ آپ کو پناہ کی مکمل کاروائی بیان کرنے والا ایک کتابچہ دیا جائے گا۔ VluchtelingenWerk (کونسل برائے مہاجرین) کے ملازمین پناہ حاصل کرنے کی کاروائی کے دوران آپ کو معلومات اور امداد فراہم کریں گے۔ VluchtelingenWerk (کونسل برائے مہاجرین) کی خدمات بلا معاوضہ ہیں۔ آپ کی معلومات کو پوشیدہ رکھا جاتا ہے۔

چھٹا مرحلہ: طبّی مشورہ

Forensisch Medische Maatschappij Utrecht

آپ کے وصونی کے مرکز میں آپکی ملاقات تنظیم برآئے قانونی طب، اوتریخت (FMMU)، کے ساتھ ہے۔ یہ نرس آپ سے پوچھتی ہے کہ آیا آپ اپنے طبی معائنے میں تعاون کریں گے۔ ایسے معائنے کا مقصد یہ ہے کہ آیا کہ آپ کو ایسی نفسیاتی اور/یا جسمانی تکالیف کا سامنا ہے جوکہ آپکی آئی این ڈی سے انٹرویوز پہ اثرانداز ہو سکتی ہیں۔

معائنہ کے دوران نرس آپ سے سوالات پوچھے گی۔ اس انٹرویو کے دوران ایک مترجم آپ کی اور نرس کی کہی ہوئی ہر بات کا ترجمہ کرتے ہوئے آپ کی مدد کرے گا ۔ زیادہ تر یہ ٹیلیفون کے ذریعہ ہو گا: ایسی صورت میں مترجم ذاتی طور پر حاضر نہیں ہوتا۔ ضرورت پڑنے پر نرس آپ کو مزید معائنے کے لیے کسی ڈاکٹر کے پاس بھجوائے گی۔ نرس یا ڈاکٹر طبی معائنے کے نتائج آئی این ڈی کو بھجوائیں گے۔ البتہ وہ ایسا صرف آپ کی اجازت ملنے پر ہی کریں گے۔ پناہ حاصل کرنے کی کاروائی کے دوران آئی این ڈی آپ کی صحت سے متعلق معلومات کو بھی مدنظر رکھے گی۔

یہ اہم ہے کہ آپ ممکنہ نفسیاتی اور جسمانی بیماریوں کے حوالے سے سچّے ہوں اور یہ امور اسے طرح نرس یا ڈاکٹر کو بتائیں۔ اگر آپ کے جسم پہ زخم کے نشان ہیں تو یہ اہم ہے کہ آپ یہ نرس کو بتائیں۔ اس طبّی معائنے کی رپورٹ خفیہ رکھی جاتی ہے۔ یہ طبّی معائنہ لازمی نہیں اور اس تفتیش کے لیے آپ کو کچھ خرچ نہیں کرنا پڑتا۔

اگر آپ ایسا طبّی معائنہ نہیں کرانا چاہتے تو نوس کو بتا دیں۔ اس صورت میں آئی این ڈی انٹرویو کے دوران آپ کی صحت کا کوئی خیال نہیں رکھے گی۔

اس طبّی مشورے کا اس طبّی امداد سے کوئی تعلق نہیں ہوتا جوکہ آپ پناہ کے مرکز میں رہنے کے دوران حاصل کرتے ہیں۔

ساتواں مرحلہ: وکیل کی خدمات

پناہ حاصل کرنے کی کاروائی کے دوران ایک وکیل آپ کی مدد کرے گا۔ یہ وکیل ہالینڈ کی حکومت کے اثر سے آزاد ہوتا ہے۔ ادارہ برائے قانونی امداد - Raad voor Rechtsbijstand, Legal Aid کی طرف سے آپ کو ایک وکیل کے ساتھ ملاقات کرنے کی دعوت ملے گی۔ آپ کو خود کوئی وکیل کرنے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ پناہ کے عمل کی مدّت بہت کم ہوتی ہے اس لیے اس ادارہ برائے قانونی امداد - Raad voor Rechtsbijstand, Legal Aid اس بات کا خیال رکھتا ہے کہ آپ کو ہر وقت کوئی وکیل میسّر ہو۔ اگر آپ کو پہلے سے کسی وکیل کی سہولت میسّر ہے تو اس کا ذکر خیر مقدمی انٹرویو میں ضرور کریں۔

براہ کرم آپ اپنی ڈاک پر روزانہ نظر رکھیں کہ کوئی خط تو نہیں آیا! آپ کے پناہ حاصل کرنے کی کاروائی میں وکیل کے ساتھ آپ کی پہلی ملاقات نہایت اہم ہوتی ہے اور آپ کو اسے نہیں کھونا چاہیئے۔ اس ملاقات میں وکیل آپ کو آئی این ڈی کے ساتھ انٹرویو کی تیاری کروائے گا۔ تیاری کے سلسلے میں وکیل کے ساتھ آپ کی یہ ملاقات وکیل کے دفتر میں ہو گی۔ وکیل کے دفتر کو جانے کے لیے آپ کو ہدایات اور ریل یا بس کا مفت ٹکٹ دیا جائے گا۔ اس ملاقات کے دوران ایک مترجم

آپ کی اور وکیل کی کہی ہوئی ہر بات کا ترجمہ کرتے ہوئے آپ کی مدد کرے گا۔آپ کو وکیل کی قانونی امداد کے لیے فیس ادا کرنے ضرورت نہیں ہوتی۔ آپ سے متعلق معلومات کو پوشیدہ رکھا جاتا ہے۔

Raad voor Rechtsbijstand
legal aid

Raad voor Rechtsbijstand (legal aid)
اگر آپ وکیل کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے تو ادارہ برائے قانونی امداد - Raad voor Rechtsbijstand آپ کے لیے کسی وکیل کی خدمات کو یقینی بناتا ہے۔ Raad voor Rechtsbijstand وکیل کو آپ کی مدد کرنے کے لیے فیس کی ادائیگی کرے گا۔ وکیل کا ملازم نہیں ہوتا۔ وکیل قانونی امداد کی فراہمی میں خودمختار ہوتا ہے جو پناہ حاصل کرنے کی کاروائی کے دوران آپ کی مدد کرے گا۔

پناہ حاصل کرے کا عمل

غیر ملکیوں کے لیے مخصوص پولیس کے پاس حاضری دینے کے بعد آئی این ڈی کے ساتھ آپ کے پہلے انٹرویو تک کم از کم چھ دن لگتے ہیں۔ عملاً اس سے کچھ زیادہ دن بھی لگ سکتے ہیں۔ کوآ کے خیرمقدمی مرکز میں آپ کو آئی این ڈی کی طرف سے ایک خط کی صورت میں اس ابتدائی انٹرویو کا دعوت نامہ ملے گا۔ چند دنوں میں آپ کو VluchtelingenWerk (کونسل برائے مہاجرین) کی طرف سے پناہ حاصل کرنے کے طریقہ کار کے متعلق مزید معلومات موصول ہوں گی (مرحلہ پنجم دیکھیں)۔

پناہ کی درخواست واپس لینا

آپ اپنی پناہ کی درخواست کو کسی بھی موقع پہ واپس لے سکتے ہیں۔ اس کے لیے آپ سے درخواست ہے کہ کسی وکیل سے رابطہ کریں یا آئی این ڈی سے رابطہ کریں۔ اگر آپ آئی این ڈی کے پاس جا کر درخواست واپس لیتے ہیں تو اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ آپ مزید ہلینڈ میں نہیں ٹھر سکتے چہ جائیگے کہ آپ کو کسی اور وجہ سے اے کیاجازت ہو۔ اس صورت میں آپ کو پناہ کی سہولتیں ختم ہو جاتی ہیں۔
اگر آپ اپنی پناہ کی درخواست واپس لیتے ہیں تو آپ پہ یورپ میں داخل ہونے کی پابندی بھی لگ سکتی ہے۔ اس کے نتیجے کے طور پہ آپ یورپ کے کافی ملکوں میں داخل یا رہائش نہیں اختیار کر سکتے۔ آپ اپنی پناہ کی درخواست واپس لینے کے بعد دوبارہ سے درخواست دے سکتے ہیں۔ ایسا اس صورت میں بھی ممکن ہے اگر آپ پہ یورپ میں داخلے پہ پابندی ہو۔

ذاتی کوائف کی پروسیسنگ

ذاتی کوائف میں آپ کے بارے میں ہر قسم کی معلومات شامل ہیں۔ اس فولڈر کے آخر میں ان تمام اداروں کا ذکر ہے جدہوں نے اسے بنانے میں تعاون کیا۔ یہ تمام ادارے آپ کی درخواست کو داخل کرتے اور اس پہ مزید عمل کرنے کے دوران آپ کے ذاتی کوائف کو پروسس کرتے ہیں۔ یہ آپ کے کوائف آپ سے یا دیگر اداروں سے استعمال کرنے کی غرض سے درخراست کرتے ہیں۔ یہ تمام ادارے آپ کے ذاتی کوائف کو استعمال کرتے ، محفوظ رکھتے اور اگر قانونی طور پہ ممکن ہو تو دیگر اداروں کو دیتے ہیں۔ قانون رازداری میں ان اداروں کے فرائض درج ہیں جو آپ کے ذاتی کوائف استعمال کرتے ہیں۔ اس میں درج ہے کہ انھوں نے ان کوائف کے ساتھ احتیاط اور حفاظت برتنا ہے۔ قانون رازداری میں آپ کے حقوق بھی درج ہیں، مثلاً"

- اداروں میں اپنے کوائف دیکھنا
- یہ معلوم کرنا کہ یہ ادارے ان کوائف کے ساتھ کیا اور کیوں کرتے ہیں
- یہ جاننا کہ ان اداروں نے آپ کے کوائف کسے دیے ہیں۔

اگر آپ اپنے ذاتی کوائف کو پروسس کرنے اور اپنے حقوق کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو ان اداروں کی ویب سائٹ دیکھیے۔ اس فولڈر کے نیچے ان کے ویب ایڈریس موجود ہیں۔

عام طور پر پوچھے جانے والے سوالات

کیا آپ اس کتابچہ کو پڑھنے کے بعد بھی سوالات پوچھنا چاہتے ہیں؟
آپ یہ سوالات اپنے وکیل سے یا کوآ یا VluchtelingenWerk (کونسل برائے مہاجرین) کے کسی اہل کار سے پوچھ سکتے ہیں۔

شکایات کے لیے
وہ تمام ادارے جوکہ پناہ کے عمل سے وابسطہ ہیں وہ پیشہ ورانہ طریقے اور احتیاط سے کام کرتے ہیں۔ لیکن اگر آپ پھر بھی سمجھیں کہ درخواست کے عمل کے دوران آپ سے بہتر سلوک نہیں کیا گیا تو آپ ایک شکایت داخل کر سکتے ہیں۔ آپ کا وکیل یا محکمۂ مہاجرین کا کوئی اہلکار اس سلسلے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

یہ اشاعت ایک مشترکہ ایڈیشن ہے:
مرکزی محکمۂ پناہ برآئے پناہگزین | www.coa.nl
محکمہ برآئے واپسی اور رخصت | www.dienstterugkeerenvertrek.nl
شعبۂ مہاجرت اور قومیّت | www.ind.nl
ادارہ برآئے قانونی امداد | www.rvr.org
محکمۂ پناہ، ہالینڈ | www.vluchtelingenwerk.nl

بحکم:
وزارت انصاف اور سلامتی، ڈائریکٹوریٹ پالیسی برآئے مہاجرین
www.rijksoverheid.nl

اس اشاعتی مواد سے کوئی حقوق حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ اگر یہ ترجمہ کسی تشریح کے اختلاف کا موجب بنتا ہے تو صرف ولندیزی (ڈچ) تحریر ہی بنیادی ہو گی۔